نوٹس برائے سالانہ عمومی میٹنگ

ہذا کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دیوان سیمنٹ لمیٹڈ (ڈی سی ایل یا کمپنی) کا تینتالیسواں 43 سالانہ اجلاس عام جمعرات 27 اکتوبر 2022 کو شام 04:00 بجے دیوان سیمنٹ لمیٹڈ۔ فیکٹری سائٹ واقع دیہہ ڈھنڈو۔ دھابیجی۔ ضلع ملیر کراچی پاکستان میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا۔ اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوگا۔

عمومی امور

ا۔ کمپنی کے گزشتہ سالانہ اجلاس عام منعقد بدھ 27 اکتوبر 2021ء کی کارروائی کی توثیق۔

۲۔ 30 جون 2022ء کو مکمل ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں معہ آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور و خوض اور منظوری۔

۳۔ 30 جون 2023ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہرہ کا تعین۔

۴۔ چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ

محمد حنیف جرمن
کمپنی سیکرٹری

کراچی 28 ستمبر 2022

نوٹ:

ا۔ کمپنی کی منتقلی حصص کی کتب 20 اکتوبر 2022 تا 27 اکتوبر 2022 (دونوں دن شامل) بند رہیں گی۔

۲۔ ممبران سے پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی سے فوری طور پر ہمارے شیئرز رجسٹرار ٹرانسفر ایجنٹ بی ایم ایف کنسلٹنٹس پاکستان (پرائیوٹ) لمیٹڈ واقع انعم اسٹیٹ بلڈنگ کمرہ نمبر 310 اور 311 تھرڈ فلور 49 دارالامان سوسائٹی مین شاہراہ فیصل متصل بلوچ کالونی پل، کراچی پاکستان کو مطلع کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔

۳۔ اجلاس ہذا میں شرکت اور رائے دہی کا اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کیلئے دوسرے ممبر کو اپنا پروکسی مقرر کرسکتا ہے۔ تاہم پروکسی کی تقرری کی دستاویز اجلاس کے انعقاد سے کم از کم اڑھتالیس 48 گھنٹے قبل کمپنی کو مندرجہ بالا پتہ پر مل جانی چاہیے۔

۴۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید براں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 مورخہ 20 جنوری 2000ء میں درج مندرجہ ذیل ہدایت پر عمل کرنا ہوگا۔

الف) برائے اجلاس میں شرکت

ا۔ انفرادی اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور یا افراد کی صورت میں یا جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات ضابطہ کے مطابق اپ لوڈ ہوں اپنی شناخت کے لیے اصل قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا اصل پاسپورٹ اجلاس میں شرکت کے موقع پر پیش کرنا ہوگا۔

۲۔ کارپوریٹ انٹٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی معہ نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کیے گئے ہوں) اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوگا۔